آ زاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

نظامت خوراک

ڈی -151 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

☆☆☆☆

ٹینڈر نوٹس:

محکمہ خوراک آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر نے مالی سال 20-2019ء کے لئے ایکسل وائز لوڈ کی پابندی عائد ہونے کی وجہ سے پنجاب تابیس مقامات کیلئے مورخہ 9 اگست 2019ء کو دوبارہ ٹینڈرز طلب کئے گئے تھے۔ طلبیدہ ٹینڈرز میں بذیل مقام کا ٹھیکہ ڈھلائی یکسونہ ہوسکا تھا، جس کے لئے محکمہ کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران/فرمز/کمپنیز جنہوں نے مالی سال 20-2019ء کے لئے پری کوالیفکیشن/رجسٹریشن/تجدید کروائی ہے، سے مطبوعہ فارموں پر انراخ مطلوب ہیں:۔

نمبر شمار	از مقام	تا مقامات
1	پنجاب میں واقع پاسکو کے پی آر سنٹرز۔	صدیقی فلور ملز جا تلاں۔

متذکرہ بالا مقام کیلئے مقررہ زربیعانہ 2% بشکل کال ڈیپازٹ جس کی تفصیل نظامت خوراک راولپنڈی سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہے، کے ساتھ ٹینڈر سربمہر لفافہ میں مورخہ 12 ستمبر 2019ء بوقت 30-11 بجے دن تک نظامت خوراک D-151 نزد کمرشل مارکیٹ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی کو موصول ہونے چاہئیں، جو اُسی روز ٹینڈرز دہندگان یا ان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 00-12 بجے دن کھولے جائینگے۔ پنجاب سے صدیقی فلور ملز جا تلاں کے لیے نرخ فی ٹن فی کلومیٹر کی بنیاد پر نرخ دینا ہوگا۔

شرائط:

1۔ متذکرہ ٹھیکہ کیلئے صرف **"اے کلاس"** ٹھیکیداران ہی ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے۔ اس سلسلہ میں مفصل کوائف ٹینڈرز نظامت خوراک سے حاصل کئے جاسکتے ہیں جن پر کلیتاً عمل کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

2۔ ٹھیکیدار کی جانب سے ٹینڈرز **"ایک مرحلہ ایک لفافہ"** کی بنیاد پر ہوں گے۔

3۔ پاسکو زون ھاء کے جس سینٹر سے بھی گندم مختص ہوگی، اس کی ترسیل کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

4۔ محکمہ اپنی ضرورت کے مطابق اجناس کی ترسیل کے لئے پروگرام جاری کرے گا۔ جس کے مطابق مطلوبہ مقدار کی ڈھلائی کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ عدم تعمیل کی صورت میں معائدہ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

5۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ کی معیاد اختتام مالی سال یعنی 30 جون 2020ء تک ہوگی۔ تاہم اس ٹھیکہ میں توسیع نئے ٹھیکہ کے حتمی ہونے تک کی جاسکتی ہے جس کے لئے ٹھیکدار کو علیحدہ توسیع نامہ جاری کیا جائے گا۔

6۔ ٹھیکیداران کو متعلقہ ترسیلی مقام پر وزن کر کے بعد از اطمینان اجناس وصول کرنا اور منزل مقصود پر وزن کر کے ہی پورے سٹاکس مہیا کرنا ہوں گے۔ اس میں ہر قسم کی کمی کی ذمہ داری ٹھیکیدار متعلقہ کی ہوگی۔ جس کیلئے اس کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کمی کو اس نے بہر صورت محکمہ کے فیصلہ کے مطابق پورا کرنا ہوگا۔

7۔ کامیاب ٹینڈر دھندگان کو گراس وزن (خالی بوری کا وزن شامل کرتے ہوئے) اسکے مطابق ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائیگی۔

8- ٹھیکہ کے عرصہ کے دوران ڈیزل /پٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے اتار چڑھاو کی بنیاد پر منظور شدہ ازراخ ڈھلائی میں کسی قسم کا کوئی مفاد نہیں دیا جائے گا۔

9- کامیاب ٹینڈر دھندگان کو فوری طور پر محکمہ کے ساتھ معائدہ نامہ کرنے کے ساتھ ساتھ ٹھیکہ کی مالیت کا دس فیصد بطور زرضمانت جمع کروانا ہوگی۔

10- زرضمانت کی واگزاری/واپسی ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ٹھیکیدار کی طرف سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹس کی فراہمی پر ہی ہو سکے گی۔

11- افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) رولز کے مطابق کسی ایک یا جملہ ٹینڈرز کو مسترد کردے۔

12- ایکسل وائز لوڈ کے نفاذ کے بارے میں مختلف ادارہ جات کی جانب سے تحفظات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ مالی سال 2019-20 کے دوران اگر ایکسل وائز لوڈ میں دوبارہ نرمی کرتے ہوئے نارمل وزن بحال کیا جاتا ہے، تو ایسی صورت میں محکمہ کی جانب سے فوری کارروائی کرتے ہوئے بقیہ عرصہ کیلئے ٹھیکہ جات ازسرنو یکسو کیے جائیں گے۔

یہ اشتہار اخبارات کے علاوہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) کی وئیب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

24/1/19

(راجہ محمد نواز)
ناظم خوراک
فون نمبر 051-9290625